وزیراعظم بھوٹان کے سرکاری دورہ ہند کے موقع پر مشترکہ پریس کانفرنس

نئی دہلی

18 جنوری 2015

(آئی این ایس انڈیا)

ہندوستانی وزیراعظم کی دعوت پر بھوٹان کے وزیراعظم عزت مآب لیئنس ٹیشیرنگ ٹوبگے 10 جنوری سے 18 جنوری 2015 سے ہندوستان کے سرکاری دورہ پر ہیں۔وزیراعظم کا پروگرام 11 جنوری سے 13 جنوری تک احمدآباد گجرات کے دورہ پر، 14-15 جنوری کو نئی دہلی کے دورہ پر اور 16 سے 18 جنوری تک وارانسی اور بودھ گیا کے دورہ پر مشتمل تھا۔

عزت مآب وزیراعظم بھوٹان کا یہ وفد ان کی اہلیہ محترمہ اوم تاشی ڈوما عزت مآب وزیرخارجہ رنزن ڈورجی، وزیر مآب وزیر خارجہ نوربو مونگچک اور حکومت بھوٹان کے دیگر سینئر سرکاری افسران پر مشتمل تھا۔

احمدآباد کے دورہ کے دوران وزیراعظم بھوٹان نے وبرانٹ گجرات کانفرنس میں شرکت کی اور اور انہوں نے عزت مآب وزیراعظم ہند نریندر مودی کے ذریعے شروع کئے گئے بہت سارے کامیاب منصوبوں کی زیارت بھی کی۔جیسے گجرات انٹرنیشنل فائنشیل ٹیک سیٹی (جی آئی ایف ٹی)، سولر پارک، کوشل وردھان کیندرا، ماہر ترقیات انسٹی ٹیوٹ، سابرمتی ریور فرنٹ، گاریما پارک اینڈ کڈس سیٹی، اس کے علاوہ وزیراعظم نے واڈنگر میں بدھ مقامات کا بھی دورہ کیا۔

11 جنوری 2015 کو وزیراعظم ٹیشیرنگ ٹوبگے نے وبرانٹ گجرات کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے کانفرنس میں شریک دیگر معزز مہمانوں کے ہمراہ خطاب کیا۔

سیمنار سے قبل عزت مآب وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے تمام معزز مہمانوں کے لئے ناشتہ کا اہتمام کیا گیا۔وزیراعظم نے پروگرام کے معززین شرکاء کے لئے ظہرانے کا بھی اہتمام کیا تھا۔

10 جنوری 2015 کو وزیراعظم ٹیشیرنگ ٹوبگے نے وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور دوطرف تعلقات پر گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ دل چسپی کے مشترکہ علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی وسیع پیانے پر بات چیت کی۔

دونوں وزرائے اعظم نے ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور مفاہمت کے موجودہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا ۔اوراس سلسلے میں تعاون کومزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

ودونوں وزراءاعظم نے بجلی کے شعبے میں ہیڈو پاور کے کے منصوبے پر اتفاق کیا۔انہوں نے بین الحکومتی ماڈل کے تحت 2940 میگاواٹ کے تین ایچ ای پی کے جاری ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے 10000 ہزار میگاواٹ کی

پہل کرنے اور اور بے جے وی ماڈل منصوبوں کوعمل درآمد میں لانے کے لئے کل 2120 میگاواٹ کے منصوبے پر اپنے عزائم کا اعادہ کیا۔

زیراعظم بھوٹان نے گجرات کی وزیراعلی آنندی بین پٹیل کے ساتھ بھی ایک میٹنگ کی۔ دونوں نے بھوٹان اور گجرات کے درمیان گجرات سے بھوٹان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور بزنس کے دیگر ذرائع سمیت تعاون کے شعبے میں میں بات چیت کی۔

وزیراعظم بھوٹان نے نئی دہلی میں صدر جمہوریہ ہند نے بھی راشٹر پتی بھون میں ملاقات کی۔ انہوں نے عزت مآب راج ناتھ سنگھ وزیر داخلہ، عزت مآب ششما سوراج وزیر برائے امور خاجہ، عزت مآب پرنب مکھرجی وزیر خزانہ، عزت مآب منوہر پارکر وزیر دفاع، عزت مآب پیوش گویل وزیر توانائی، جناب اجیت دول مشیر برائے قومی سلامتی، اور جناب سجاتھا سنگھ خارجہ سیکریٹر کے ساتھ ملاقات کی۔

میٹنگ کا انعقاد خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوا۔ جس سے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور افہام وتفہیم کی عکاسی ہوتی ہے۔ اور دونوں ملکوں کے درمیان منفرد اور باہمی خصوصیات کا پتہ بھی چلتا ہے۔

16 سے 18 جنوری کے درمیان وزیراعظم بھوٹان نے وارانسی اور بودھ گیا کے مقدس مقامات کی زیارت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم بھوٹان کو ہندوستانی عوام کی جانب سے بھوٹانی عوام کے لئے بودھی درخت کا تحفہ بھی پیش کیا گیا۔ ایک ایسے خاص سال کے دوران جب بھوٹانی عوام بھوٹان کے چوتھے بادشاہ جلکے سنگے ونگچک کی ساٹھویں سالگرہ منا رہی تھی۔

بھوٹان کے وزیراعظم کے دورہ ہند سے اعلی سطحی دورہ کی روایت اور قریبی دوستوں کے درمیان تبادلہ خیالات کو مزید تقویت ملی ہے۔ مزید یہ کہ اس دورہ نے ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید خوشگوار اور مضبوط بنا دیا ہے۔

نئی دہلی

18 جنوری 2015